# انگلینڈ میں سیکنڈری اسکول کے بارے میں اہم معلومات

## حاضری

قانون کے مطابق، اسکول جانے کی لازمی عمر کے تمام بچوں (عام طور پر 5 سے 16 سال تک) کے لیے مناسب کل وقتی تعلیم حاصل کرنا ضروری ہے۔ والدین کی حیثیت سے یہ یقینی بنانا آپ کی قانونی ذمہ داری ہے کہ آپ کے بچوں کو یہ تعلیم حاصل ہو۔جب آپ کا بچہ کسی اسکول میں اندراج کر لیتا ہے، تو یہ یقینی بنانا آپ کی قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ باقاعدگی سے اسکول جائے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے بچے کی کوئی بلا اجازت غیر حاضری نہیں ہونی چاہیے۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے، تو آپ پر جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔

## انسیٹ کے دن

ہر تعلیمی سال میں پانچ اِن سیٹ (INSET) دن ہوتے ہیں۔ اِن سیٹ دنوں میں اسکول بند ہوتے ہیں اور آپ کے بچے کو اسکول نہیں جانا چاہیے۔

اِن سیٹ کے دن عملے کی تربیت کے مقاصد کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ معلوم کرنے کے لیے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں کہ اُن کے اِن سیٹ دن کب مقرر کیے گئے ہیں۔

## تعلیمی مدت (ٹرم ٹائم) کے دوران چھٹیاں

آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ اسکول کی چھٹیوں کے دوران خاندانی تعطیلات لیں تاکہ آپ کے بچوں کی تعلیم میں خلل نہ پڑے۔ تعلیمی قانون کے مطابق والدین کو یہ حق حاصل **نہیں ہے** کہ وہ تعلیمی مدت (ٹرم ٹائم) کے دوران اپنے بچے کو تعطیلات منانے کے لیے اسکول سے غیر حاضر رکھیں۔ صرف غیر معمولی حالات میں ہی ہیڈ ٹیچر چھٹی کی اجازت دے سکتا/سکتی ہے۔ یہ ہیڈ ٹیچر کا اختیار ہے کہ وہ فیصلہ کرے آیا غیر حاضری کی وجہ غیر معمولی ہے یا نہیں، اور کتنے دنوں کی چھٹی منظور کی جائے۔

## اسکول میں مفت کھانے

آپ اپنے بچے کے لیے پیک لنچ فراہم کر سکتے ہیں، اگر آپ کافی قریب رہتے ہیں تو وہ دوپہر کے کھانے کے لیے گھر آ سکتا/سکتی ہے، یا وہ اسکول میں اپنا دوپہر کا کھانا خرید سکتا/سکتی ہے۔

زیادہ تر سیکنڈری اسکولوں میں دوپہر کے کھانے کے وقت کینٹین کی سہولت موجود ہوتی ہے۔ بچے مختلف قسم کے گرم اور ٹھنڈے کھانوں میں سے انتخاب کر سکتے ہیں اور ایک ویجیٹیرین آپشن (Vegetarian option) ہمیشہ دستیاب ہوتا ہے۔

اگر آپ مختلف سرکاری فوائد (Benefits) میں سے کسی ایک کے مستحق ہیں، تو سال 3 سے سال 11 تک کے بچے **مفت اسکول کھانوں** کے حق دار ہوتے ہیں۔ آپ اپنے بچے/بچوں کے لیے مفت اسکول کھانوں کی اہلیت کی جانچ کر سکتے ہیں اور اس کے لیے یہاں آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ خصوصی غذائی ضروریات کے مطابق کھانے کی درخواست بھی کر سکتے ہیں، جس میں حلال کھانا بھی شامل ہے۔

Copyright © HCC 2026

Hampshire County Council
Ethnic Minority and Traveller Achievement Service

انگلینڈ میں سیکنڈری اسکول کے بارے میں اہم معلومات

| | |
|---|---|
| ہوم ورک | زیادہ تر بچوں کو زیادہ تر مضامین میں ہر ہفتے گھر کا کام (ہوم ورک) دیا جاتا ہے۔ اگر آپ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے سے کیا توقع کی جائے گی، تو ان کے استاد سے پوچھیں۔ زیادہ تر سیکنڈری اسکول ہوم ورک دینے کے لیے ایک آن لائن پلیٹ فارم یا ورچوئل لرننگ ماحول ( VLE) استعمال کرتے ہیں، لہٰذا آپ کے بچے کو ہوم ورک مکمل کرنے کے لیے کمپیوٹر تک رسائی درکار ہوگی۔ اکثر اسکول مفت ہوم ورک کلب بھی چلاتے ہیں جہاں بچے اسکول کے کمپیوٹر استعمال کر سکتے ہاگر کوئی بچہ اپنا ہوم ورک مکمل نہیں کرتا، تو عموماً اسے ایک وقت میں ایک گھنٹے تک کی 'ڈیٹینشن' (اسکول کے اوقات کے بعد یا وقفے کے دوران رکنے کی سزا) دی جاتی ہے۔کبھی کبھار ڈیٹینشن وقفے کے دوران بھی ہو سکتی ہے۔اگر ڈیٹینشن اسکول کے اوقات کے بعد ہو یا مسئلہ برقرار رہے، تو آپ کو اس بارے میں مطلع کیا جائے گایں اور ضرورت پڑنے پر مدد بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ |
| والدین کے ساتھ ملاقاتیں اور اسکول کی رپورٹس | آپ کو والدین کی ملاقاتوں (Parents' Evenings) میں شرکت کی دعوت دی جائے گی اور یہ اہم ہے کہ آپ ان میں شرکت کریں۔ زیادہ تر اسکول ملاقات کے لیے مختلف اوقات (time slots) فراہم کرتے ہیں اور آپ اپنی سہولت کے مطابق وقت کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنے بچے کی تعلیم کے بارے میں کوئی سوالات ہوں، تو آپ اپنے بچے کے اساتذہ سے ملاقات کے دوران وہ سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ تعلیمی سال کے اختتام پر آپ کو اپنے بچے کی تعلیمی پیش رفت کے بارے میں ایک رپورٹ بھی موصول ہوگی۔ آپ کا بچہ اپنی تعلیمی پیش رفت سے قطعِ نظر خود بخود اگلی جماعت (Year Group) میں چلا جائے گا، کیونکہ برطانیہ میں بچے تعلیمی سال نہیں دہراتے۔ |
| اسکول کے لیے ٹرانسپورٹ | آپ کا بچہ گھر سے اسکول آنے جانے کے لیے مفت ٹرانسپورٹ کا اہل ہوگا **اگر**<br>• وہ قریبی کیچمنٹ اسکول یا آپ کے گھر کے زیادہ قریب واقع کسی اسکول میں تعلیم حاصل کر رہا ہو؛ **اور**<br>• 8 سے 16 سال کی عمر کے بچوں کے لیے گھر اور اسکول کے درمیان فاصلہ 3 میل سے زیادہ ہو۔<br>اگر آپ کا بچہ ان شرائط پر پورا اترتا ہے، تو آپ کو ٹرانسپورٹ کے لیے درخواست دینا ہوگی۔ |
| لنکس | مثبت طرز عمل کو فروغ دینے کی حکمتِ عملیاں اور اپنے بچے کی پرورش ایک سے زیادہ زبانوں میں (دونوں مختلف زبانوں میں ترجمے کی صورت میں دستیاب ہیں)<br>معلومات: اسکول حاضری اور تعلیمی مدت (ٹرم ٹائم) کے دوران چھٹیاں<br>معلومات: اسکول کے لیے ٹرانسپورٹ<br>اسکول کی چھٹیوں کی تاریخیں |

Hampshire County Council
Ethnic Minority and Traveller Achievement Service